بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
آئینہ رسالت
تصنیف
محمد حنیف رضوی بیجاپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

آئینہ رسالت

تصنیف

محمد حنیف نقارچی رضوی بیجاپور

Email.hanifrazvi92@gmail.com

OASIS Minority Society, Bijapur

نحمدہ و نصلی علی رسول الکریم

اما بعد

اللہ تعالی کا شکر و احسان ہے کہ اس نے مجھے سیرت الرسول ﷺ کے چند مبارک گوشوں پر بشکل سوال جواب آپ تک پھونچانے کا ذریعہ بنایا.

میں میرے عزیز دوست جناب داود ہیرگی صاحب کا شکر گزار ہوں کے اُنہوں نے مجھے اس کتاب کے لکھنے کے لئے اُبھارا اور اس کتاب کو شائع کروا کر مفت میں تقسیم بھی کر دیا اس کے ساتھ میں جناب فیاض دولتکوٹی اور رفیق باغبان صاحب کا بھی شکریا ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہماری اس چھوٹی سی کاوش کو ہماری امکانی غلطیوں سے در گذر فرما کر قبول فرمائے.

اور ہمارے لئے اس کتاب کو ذریعہ نجات بنائے.

محمد حنیف رضوی نگارچی

نزد جامع مسجد ارکاٹ درگاہ۔ بیجاپور ۵۸۶۱۰۴ کرناٹک {الہند}

شرف انتساب

میں اپنی اس چھوٹی سی کاوش کو میرے والد محترم مرحوم میراں صاحب ابنِ دستگیر صاحب نگارچی کی طرف منسوب کرتا ہوں کہ جن کی پرورش نے مجھے اس لائق بنایا کہ میں مصطفےٰ جانِ رحمت ﷺ کی حیاتِ مبارکہ پر کچھ تحریر کر سکا

اللہ سے دعا ہے کہ اس کتاب کا ثواب میرے والد محترم کو ہمیشہ ملتا رہے

آمین

محمد حنیف نقارچی رضوی بیجاپور

Email.hanifrazvi92@gmail.com

آئینہ رسالت

نحمدہ ونصل علیٰ رسول الکریم!

امابعد

اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان کہ اس نے ہمیں سیرت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چند مبارک گوشوں کو آپ تک پہونچانے کا ذریعہ بنایا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری اس چھوٹی سی کاوش کو امکانی غلطیوں سے درگذر فرما کر قبول فرمائے۔اور ہمارے لئے اس کتاب کو ذریعہ نجات بنائے۔

ماخذ کتب:

۱) قرآن مجید
۲) بخاری شریف
۳) اسلامی حیرت انگیز معلومات
۴) شمس عالم حسینی اسلامی کوئز
۵) شان حبیب الرحمٰن
۶) سیرت الرسول کوئز
۷) قرآن کریم اور بخاری شریف سے جواب
۸) قرآن کوئز
۹) رسائل میلاد النبی صلی اللہ علیہ سلم

1 : حضور اکرم ﷺ کی ولادتِ باسعادت حضرت آدم علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہوئی؟

جواب : 6750 سال بعد

2 : حضور اکرم ﷺ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیانی زمانہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : زمانہ فترۃ کہا جاتا ہے۔

3 : حضور اکرم ﷺ کے دادا کے کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب : (12) بیٹے اور (6) بیٹیاں تھیں۔

4 : حضور اکرم ﷺ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے؟

جواب : والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ ہے۔

5 : حضور اکرم ﷺ کا تعلق بنی اسرائیل سے ہے یا بنی اسماعیل سے؟

جواب : بنی اسماعیل سے

6 : حضور اکرم ﷺ کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

جواب : قریش سے ہے۔

7 : حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے سال کو کونسا سال کہا جاتا ہے؟

جواب : عام الفیل کہا جاتا ہے۔

8 : حضور اکرم ﷺ کی ولادت کس مہینے کی کونسی تاریخ کو ہوئی؟

جواب : ماہِ ربیع الاول کی ۱۲ ر تاریخ کو ہوئی۔

9 : حضور اکرم ﷺ کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟

جواب : ابولہب کی باندی ثوبیہ نے پلایا۔

10 : حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے وقت کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب : حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے وقت ایک نور نکلا جس سے شام کے محلات جگمگا اُٹھے۔

11 : حضور اکرم ﷺ جس مکان میں پیدا ہوئے وہ کہاں تھا؟

جواب : صفا کی پہاڑی کے قریب تھا؟

12 : حضور اکرم ﷺ کا نام "محمد ﷺ" کس نے رکھا؟

جواب : حضرت عبدالمطلب نے رکھا

13 : حضور اکرم ﷺ کے دو مشہور نام کونسے ہیں؟

جواب : محمد اور احمد ﷺ

14 : اسم محمد ﷺ کے کیا معنی ہیں؟

جواب : تعریف کیا ہوا۔

15 : حضور اکرم ﷺ کی کنیت کیا ہے؟

جواب : ابوالقاسم

16 : وہ کون شخص ہے جسکو حضور اکرم ﷺ کی میلاد منانے پر جہنم میں پیر کے دن پانی دیا جاتا ہے؟

جواب : ابولہب کو

17 : حضور اکرم ﷺ حضرت حلیمہ سعدیہ کے پاس کتنے سال تک رہے؟

جواب : 4 سال تک

18 : حضور اکرم ﷺ کی ماں حضرت آمنہ کا جب انتقال ہوا اُس وقت حضور اکرم ﷺ کی کیا عمر تھی؟

جواب : 6 سال

19 : حضور اکرم ﷺ کے رضاعی بھائی اور بہن کا کیا نام تھا؟

جواب : بھائی کا نام عبداللہ اور بہن کا نام جدامہ تھا۔

20 : حضور اکرم ﷺ نے بچپن میں کس حوض میں تیرنا سیکھا؟

جواب : بنی عدی بن النجار کے حوض میں تیرنا سیکھا۔

21 : حضور اکرم ﷺ کو ابو طالب جب ملک شام لے گئے اُس وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب : 12 سال تھی

22 : اس راہب کا کیا نام تھا جس نے حضور اکرم ﷺ میں نبوت کے آثار دیکھے تھے؟

جواب : بُحیرَہ تھا

23 : حضور اکرم ﷺ جب دوسری مرتبہ حضرت خدیجہ کا سامانِ تجارت لے کر ملک شام تشریف لے گئے تو کس راہب سے ملاقات ہوئی

جواب : نسطورا سے

24 : حضور اکرم ﷺ کے چچا ابو طالب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : عبد مناف تھا۔

25 : ابو طالب کے کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب : پانچ (5) بیٹے اور (3) تین بیٹیاں تھیں۔

26 : حضرت خدیجہؓ کے مال میں تجارت کرنے سے پہلے حضور اکرم ﷺ کس کی تجارت میں شریک رہے؟

جواب : مسائب صیفی کی تجارت میں شریک تھے۔

27 : حضرت خدیجہؓ نے کس کے ذریعہ نبی کریم ﷺ کو پیغام نکاح بھیجا؟

جواب : حضرت نفیسہ کے ذریعہ

28 : حضرت خدیجہ کے پہلے شوہر کا کیا نام تھا؟

جواب : عتیق بن عائد تھا۔

29 : جس وقت مکہ میں سیلاب آیا اس وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب : 35 سال

30 : حضور اکرم ﷺ کے دوسرے فرزند حضرت عبداللہ کا کیا لقب تھا؟

جواب : طیب و طاہر تھا

31 : حضور اکرم ﷺ کی کتنی بیٹیاں تھیں اور انکے نام کیا تھے؟

جواب : چار بیٹیاں تھیں۔ ۱) حضرت زینب ۲) حضرت رقیہ ۳) حضرت ام کلثوم ۴) حضرت فاطمہ

32 : حضور اکرم ﷺ کے کتنے فرزند تھے اور انکے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : تین فرزند ۱) حضرت قاسم ۲) حضرت عبداللہ ۳) حضرت ابراہیم

33 : کس دشمن رسول نے حضور اکرم ﷺ کے فرزندوں کے انتقال پر یہ کہا تھا کہ "حضور ﷺ کی اولاد منقطع ہوگئی؟

جواب : عاص بن وائل دشمن رسول نے کہا تھا۔

34 : حضور اکرم ﷺ کے فرزند حضرت ابراہیم کس کے بطن مبارک سے پیدا ہوئے؟

جواب : حضرت ماریہ قبطیہؓ سے۔

35 : قس نامی بادشاہ نے جو خچر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا اُس خچر کا کیا نام تھا؟

جواب : دلدل تھا۔

36 : حضور اکرم ﷺ نے اپنے فرزند حضرت ابراہیم کو دودھ پلانے کے لئے کس کے سپرد کیا تھا؟

جواب : حضرت اُم بردہؓ کے۔

37 : فرزند رسول حضرت ابراہیم کی وفات پر جب سورج گرہن ہوا تو حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی نشانیوں میں سے نشانیاں سورج اور چاند ہیں کسی کی موت سے ان میں گہن نہیں لگتا۔

38 : حضور اکرم ﷺ نے کتنے سال کی عمر میں اعلانِ نبوت فرمایا؟

جواب : 40 سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا۔

39 : اعلان نبوت سے پہلے حضور اکرم ﷺ کس غار میں اللہ کا ذکر کیا کرتے تھے؟

جواب : غارِ حرا میں۔

40 : حضور اکرم ﷺ نے جب اعلانِ نبوت فرمایا اس وقت شمسی تاریخ کیا تھی؟

جواب : شمسی تاریخ 12 رفروری 610ء عیسوی تھی۔

41 : اعلان نبوت کے بعد سب سے پہلے کون کون مسلمان ہوئے؟

جواب : حضرت خدیجہ، حضرت علی، حضرت ابوبکر اور حضرت زید بن حارثہ مسلمان ہوئے۔

42 : حضور اکرم ﷺ کے کتنے چچا تھے اور انکے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : گیارہ چچا تھے۔ انکے نام ۱) حضرت امیر حمزہ ۲) حضرت عباس ۳) ابوطالب ۴) زبیر ۵) حارث ۶) جحل ۷) مقوم ۸) ضرار ۹) قثم ۱۰) ابولہب ۱۱) غیدق

43 : حضور اکرم ﷺ کو اعلان نبوت سے پہلے کس نے سید المرسلین کہا تھا؟

جواب : بحیرہ راہب نے

44 : حضور اکرم ﷺ کے دادا جب انتقال ہوئے حضور اکرم ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب : 8 سال 2 ماہ 10 دن

45 : حضور اکرم ﷺ نے سب سے پہلے کس جگہ کھڑے ہو کر اسلام کی دعوت دی؟

جواب : کوہ ابوقبیس پر

46 : وہ کون سے صحابی ہیں جن کے بارے میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ حضرت عیسیٰ کے جیسی زاہدانہ زندگی گزارتے ہیں؟

جواب : حضرت ابوذر غفاریؓ

47 : حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام کے 5 پانچ مشہور دشمنوں کے نام بتائیں؟

جواب : ۱) ابوجہل ۲) ابولہب ۳) ولید بن مغیرہ ۴) عتبہ ۵) شیبہ

48 : حبشہ کی پہلی ہجرت میں حضور اکرم ﷺ کے کونسے داماد اور بیٹی شریک تھیں؟

جواب : حضرت عثمانؓ اور حضرت رقیہؓ

49 : حبشہ کی پہلی ہجرت میں کتنے صحابہ اور صحابیات تھے؟

جواب : گیارہ (11) صحابہ اور چار (4) صحابیات تھے۔

50 : حبشہ کی دوسری ہجرت میں کتنے صحابہ اور صحابیات تھے؟

جواب : (83) تراسی صحابہ اور گیارہ (11) صحابیات تھے۔

51 : حضور اکرم ﷺ نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو کس سن ہجری میں اسلام کی دعوت دی؟

جواب : 7 سن ہجری ماہ ربیع الاول میں۔

52 : حضور اکرم ﷺ جب حرم شریف میں قرآن پڑھتے تو مشرکین کس طرح تکلیف پہچاتے تھے؟

جواب : مشرکین، تالیاں پیٹتے، سیٹیاں بجاتے تھے۔

53 : حضرت عمارؓ، حضرت یاسر اور حضرت سمیہ ان تمام کی تکلیفوں پر حضور اکرم ﷺ نے کیا دعا فرمائی؟

جواب : حضور اکرم ﷺ نے ان سب کے لئے یہ دعا فرمائی ''اے اللہ آل یاسر کی مغفرت فرما''۔

54 : مشرکین مکہ نے جب حضور ﷺ اور آپ کے خاندان کا بائیکاٹ کیا تو سب کہاں چلے گئے؟

جواب : شعب ابی طالب میں

55 : معراج کا واقعہ قرآن شریف کی کس سورت میں ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : سورۂ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں۔

56 : سفر معراج میں حضور اکرم ﷺ نے کس کو قبر میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا؟

جواب : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو

57 : سفر معراج میں چوتھے (4) آسمان پر حضور اکرم ﷺ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

جواب : حضرت اِدریس علیہ اسلام سے

58 : حضور اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو کتنی مرتبہ دیکھا؟

جواب : دو (2) مرتبہ

59 : مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت پہلی دوسری، تیسری اور چوتھی اینٹ کس کس نے رکھی؟

جواب : پہلی اینٹ حضور اکرم ﷺ نے، دوسری حضرت ابو بکر نے تیسری حضرت عمر اور چوتھی حضرت عثمانؓ

60 : حضور اکرم ﷺ نے کس کے کہنے پر چاند کے دو ٹکڑے فرمائے؟

جواب : ولید بن مغیرہ، اور ابو جہل کے کہنے پر۔

61 : حضور اکرم ﷺ کس کے لئے یہ ارشاد فرمایا کہ "میرے چار وزیر" ہیں یہ چار وزیر کون ہیں؟

جواب : ۱) حضرت جبرائیل ۲) حضرت میکائیلؑ ۳) حضرت ابوبکر صدیق ۴) حضرت عمرؓ

62 : غارِ ثور میں کل کتنے سوراخ تھے جن کو حضرت ابوبکر صدیق نے کپڑے سے بند کر دیا تھا؟

جواب : ستر 70 سوراخ تھے۔

63 : حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع اور صلح حدیبیہ کے موقع پر کتنے اونٹ ذبح کئے تھے؟

جواب : 100 سو اونٹ

64 : حضور اکرم ﷺ کی داڑھی مبارک کے کتنے بال سفید تھے؟

جواب : 19 بالِ مبارک

65 : سدرۃ المنتھیٰ پر حضور ﷺ نے جب حضرت جبرائیلؑ سے سدرۃ المنتھیٰ کے آگے بڑھنے کو کہا تو حضرت جبرائیلؑ نے کیا کہا؟

جواب : حضرت جبرائیلؑ نے کہا میں یہاں سے آگے بڑھا تو جل کر راکھ ہو جاؤں گا۔

66 : معراج میں کس کے وسیلے سے 50 نمازیں پانچ ہوئیں؟

جواب : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وسیلے سے۔

67 : حضور اکرم ﷺ کس شہر کے سرداروں کو دعوت اسلام دینے کے لئے مکہ سے باہر تشریف لے گئے

جواب : طائف کے سرداروں کے لئے باہر تشریف لے گئے۔

68 : طائف کے سفر میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ کونسے صحابی تھے؟

جواب : حضرت زید بن حارثہؓ

69 : طائف کے سرداروں نے حضور اکرم ﷺ کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟

جواب : طائف کے سرداروں نے حضور اکرم ﷺ کی دعوت کا انکار کیا اور اوباش لڑکوں کو آپ کے پیچھے لگا دیا

70 : طائف سے واپسی کے بعد حضور اکرم ﷺ کس کے پڑوس میں ٹھہرے؟

جواب : مطعم بن عدی کے پڑوس میں ٹھہرے۔

71 : حضرت خدیجہؓ حضور اکرم ﷺ سے شادی کے بعد کتنے سال تک زندہ رہیں؟

جواب : پچیس (25) سال تک

72 : حضور اکرم ﷺ نے حضرت عائشہ سے نکاح کا پیغام کس کے ذریعہ بھیجا؟

جواب : حضرت خولہؓ کے ذریعہ

73 : حضرت عائشہؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب : اُم رومان تھا۔

74 : حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے تلاوتِ قرآن سن کر جنوں پر کیا اثر ہوا؟

جواب : جنات مسلمان ہو گئے۔

75 : جب تمام صحابہ نے ہجرت کی تو اہل مکہ حضور اکرم ﷺ کے بارے میں مشورہ کے لئے کہاں جمع ہوئے؟

جواب : دارالندوہ میں

76 : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ہجرت کے لئے جو اونٹنیاں خریدی تھیں ان کی قیمت کیا تھی۔

جواب : 800 آٹھ سو درہم

77 : حضرت ابوبکر صدیقؓ ہجرت کے وقت کتنی نقد رقم اپنے ساتھ لے گئے تھے؟

جواب : حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ میرے والد جاتے وقت ساری نقد رقم لے گئے تھے یہ پانچ ہزار یا چھ ہزار درہم تھے۔

78 : غار ثور میں حضور اکرم ﷺ کو مکہ والوں کے حالات کی اطلاع کون سناتے تھے؟

جواب : حضرت عبداللہ بن ابوبکر صدیقؓ

79 : حضرت اسماءؓ کو ذات النطاقین کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب : حضرت اسماء نے اپنی کمر بند کے ایک ٹکڑے سے تھیلہ کا منہ باندھا اور دوسرے ٹکڑے سے مشکیزے کا منہ باندھ دیا تھا۔

80 : غار ثور سے مدینہ تک کی رہنمائی کے کس کو مقرر کیا گیا تھا؟

جواب : عبداللہ بن اریقط کو

81 : حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے احسانات کا ذکر کرتے ہوئے حضورﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : حضورﷺ نے ارشاد فرمایا ابوبکر کے سوا کسی اور شخص کا کوئی احسان ہم پر ایسا نہیں ہے۔ جس کا ہم نے بدلہ نہ اُتار دیا ہو۔ البتہ ابوبکر صدیق کے احسانات اتنے ہیں کہ دن کا بدلہ قیامت میں اللہ تعالیٰ ہی اُتار سکتا ہے؟

82 : حضور اکرمﷺ غارِ ثور سے مدینہ کی جانب کس تاریخ کو روانہ ہوئے؟

جواب : یکم ربیع الاول بروز دوشنبہ

83 : حضورﷺ جب غارِ ثور سے مدینہ شریف روانہ ہوئے تو اس وقت شمسی تاریخ کیا تھی؟

جواب : 16/ستمبر 622ء تھی۔

84 : ہجرت کے دوران حضور اکرمﷺ کی گرفتاری یا قتل پر قریش نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟

جواب : سو (۱۰۰) اونٹنیاں

85 : سراقہ نے جس گھوڑے پر سوار ہو کر حضور اکرمﷺ کا پیچھا کیا تھا اس کا نام کیا تھا؟

جواب : عود تھا؟

86 : جس دن حضور اکرمﷺ قبا پہنچے شمسی تاریخ کیا تھی؟

جواب : 23/ستمبر 622ء تھی

87 : حضور اکرمﷺ جس دن قبا سے روانہ ہوئے کیا تاریخ تھی؟

جواب : 12/ربیع الاول تھی۔

88 : حضور اکرمﷺ نے بنی سالم کے محلہ میں کتنے لوگوں کے ساتھ نماز جمعہ ادا کی؟

جواب : 100 آدمیوں کے ساتھ

89 : مدینہ شریف کو یثرب کہنے والوں کے بارے میں حضور اکرمﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : حضور اکرمﷺ نے ارشاد فرمایا وہ اللہ سے توبہ کریں۔

90 : حضورﷺ کے مدینہ شریف بعافیت پہنچنے پر کس نے دف بجانے کی منت مانی تھی؟

جواب : ایک حبشی لڑکی نے یہ منت مانی تھی۔

91 : وہ کون سے صحابی ہیں جو مسجد نبوی کی تعمیر کے دوران دو دو انٹیں لا رہے تھے؟

جواب : حضرت عمار بن یاسرؓ

92 : مدینہ شریف میں یہودیوں کے مشہور قبیلے کون کون سے تھے؟

جواب : بنو نضیر، بنو قینقاع، بنو قریظہ تھے۔

93 : مدینہ شریف میں منافقوں کا سردار کون تھا؟

جواب : عبداللہ بن ابی ابن سلول تھا۔

94 : تاریخ اسلام کی سب سے پہلی جنگ کا نام کیا ہے؟

جواب : جنگ بدر

95 : مقام بدر اور مدینہ شریف کے درمیان کتنے میل کا فاصلہ ہے؟

جواب : 98 اٹھانوے میل کا

96 : جنگ بدر میں مشرکین کی خبر دریافت کرنے کے لئے بدر کے چشمہ کے پاس حضور اکرم ﷺ نے کس کو بھیجا؟

جواب : حضرت علی، حضرت زبیر اور حضرت سعد بن ابی وقاص کو

97 : جنگ بدر کے موقع پر کنویں کے قریب قیام کرنے کا مشورہ کس نے دیا؟

جواب : حضرت حباب ابن منذر نے

98 : ابو جہل کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : عمرو بن ہشام تھا

99 : جنگ بدر میں جو فرشتے آئے تھے ان کی علامت کیا تھی؟

جواب : ان کے عمامے، سبز، سرخ اور زرد رنگ کے تھے۔

100 : جنگ بدر میں انصار میں سب سے پہلے کون شہید ہوئے؟

جواب : حضرت حارثہ بن سراقہ شہید ہوئے۔

101 : جنگ بدر میں شیبہ کا مقابلہ کس سے ہوا؟

جواب : حضرت عبیدہ بن حارثؓ سے ہوا

102 : جنگ بدر ہجرت کے کتنے ماہ بعد ہوئی؟

جواب : اٹھارہ 18 ماہ بعد

103 : جنگ بدر میں مفلس قیدیوں کا فدیہ کیا مقرر کیا گیا؟

جواب : مدینہ شریف کے دس (10) بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھانا تھا۔

104 : جنگ احد میں مشرکین مکہ کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟

جواب : پانچ ہزار (5000) تھی۔

105 : جنگ احد میں مسلمانوں کے لشکر میں کتنے مرد تھے؟

جواب : ایک ہزار 1000 تھے

106 : جنگ اُحد میں کون زخمیوں کو پانی لالا کر پلا رہی تھیں؟

جواب : حضرت عائشہؓ اور حضرت اُم سلیمؓ

107 : وہ کون سے صحابی ہیں جن کے وعظ سے اوس وخزاج کے قبیلے مسلمان ہوئے؟

جواب : حضرت مصعب بن عمیرؓ

108 : وہ کونسی صحابیہ ہیں جن کے شوہر بھائی اور ماموں جنگ احد میں شہید ہوئے؟

جواب : حضر حمنہ بنت جحشؓ

109 : وہ کون سے صحابی ہیں جنھوں نے جنگ احد میں ستر (70) زخم کھا کر شہادت کا مرتبہ حاصل کیا؟

جواب : حضرت انس بن نضرؓ

110 : حضور ﷺ عمرہ کے ارادہ سے کس سن ہجری میں روانہ ہوئے؟

جواب : 6 سن ہجری

111 : صلح حدیبیہ میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟

جواب : 1300 تیرہ سو اور پندرہ سو 1500 کے درمیان۔

112 : حضور ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر صحابہ کرام سے جو بیعت لی اس کا نام کیا ہے؟

جواب : بیعت الرضوان

113 : صلح حدیبیہ کے موقع پر کس نے عہد نامہ لکھا؟

جواب : حضرت علی نے

114 : حضور ﷺ نے نجاشی کی طرف دعوت اسلام کا خط کس کے ذریعہ روانہ کیا؟

جواب : حضرت عمرو بن احیہ کے ذریعہ

115 : حضور ﷺ نے جس درخت کے نیچے بیعت لی تھی وہ کونسا درخت تھا؟

جواب : ببول کا درخت

116 : حضور ﷺ نے خیبر کے دن مال غنیمت کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟

جواب : چھبیس (26) حصوں میں

117 : فتح مکہ کے موقع پر کعبۃ اللہ کی چھت پر کس نے اذان دی؟

جواب : حضرت بلالؓ نے

118 : مکہ مکرمہ کس دن فتح ہوا؟

جواب : 20/رمضان جمعہ کے دن

119 : فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ کے ہمراہ کتنے مسلمان تھے؟

جواب : 8 آٹھ یا دس 10 ہزار مسلمان تھے۔

120 : فتح مکہ کے بعد کس نے حدیث وفقہ کی تعلیم دی؟

جواب : حضرت معاذ بن جبلؓ نے

121 : غزوۂ حنین کس سن ہجری میں پیش آیا؟

جواب : سن ۸ ہجری

122 : حج کس سن ہجری میں فرض ہوا؟

جواب : ۹ سن ہجری

123 : غزوۂ تبوک کس سن ہجری میں پیش آیا۔

جواب : ۹ سن ہجری

124 : وہ کونسے صحابی رسول ہیں جنہوں نے غزوۂ تبوک میں شرکت کرنے والے غریب صحابہ کے لئے اونٹ خریدے؟

جواب : حضرت یامین بن عمیرؓ

125 : حجۃ الوداع کے لئے حضورﷺ کس مہینہ میں مدینہ سے روانہ ہوئے؟

جواب : ذی القعدہ میں روانہ ہوئے

126 : (10) دس سن ہجری کے ماہِ ذالحجہ میں حضورﷺ نے بلاد شام پر جہاد کے لئے کس کو امیر بنایا تھا؟

جواب : حضرت اسامہ بن زیدؓ کو

127 : حضورﷺ ہر پیر کا روزہ رکھتے تھے حضرت قتادہؓ کے پوچھنے پر حضورﷺ نے کیا جواب عنایت فرمایا؟

جواب : حضورﷺ نے ارشاد فرمایا یہ دن میری ولادت کا دن ہے اور اسی دن اللہ کا کلام مجھ پر نازل ہوا۔

128 : حضورﷺ کے جسم مبارک کے کس حصہ پر مہر نبوت تھی؟

جواب : دونوں شانوں کے درمیان

129 : حضورﷺ کے جسم مبارک پر موجود مہر نبوت پر کیا لکھا ہوا تھا؟

جواب : محمد رسول اللہ لکھا تھا۔

130 : حضورﷺ کو کونسی سبزی زیادہ پسند تھی؟

جواب : کدّو

131 : حضور ﷺ نے چاند کے دو ٹکڑے کرنے کا معجزہ کس مقام پر ظاہر کیا؟

جواب : کوہِ صفاء پر

132 : حضور ﷺ کی امامت میں پڑھی گئی آخری نماز کونسی تھی؟

جواب : نماز مغرب

133 : حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر کس اونٹنی پر سوار تھے؟

جواب : قصویٰ

134 : جو کوئی میری قبر کی زیارت کرے اُس پر میری شفاعت واجب ہے یہ جملہ کس نے کہا ہے؟

جواب : محمد رسول ﷺ نے

135 : حضور ﷺ کی سیرت مبارک پر ہندوستان میں لکھی جانے والی کتاب ''مدارج النبوت'' کس نے لکھی؟۔

جواب : شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ

136 : اذان کی ابتداء کس سن ہجری میں ہوئی؟

جواب : ۱ر سن ہجری

137 : حضور ﷺ نے کس کے لئے ڈوبے ہوئے سورج کو لوٹایا؟

جواب : حضرت علیؓ کے لئے

138 : حضرت علیؓ کے لئے سورج لوٹانے کا واقعہ کن کن مشہور کتابوں میں درج ہے؟

جواب : المعجم الکبیر، مجمع الزوائد، فتح الباری، اور عمدۃ القاری میں

139 : حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اس سوال کا کیا جواب دیا کہ یارسول ﷺ آپ بوڑھے ہو گئے ہیں؟

جواب : حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے سورہ ہود، سورہ واقعہ، سورہ مرسلات، وغیرہ نے بوڑھا بنادیا۔

140 : حضور ﷺ کی انگوٹھی پر کیا لکھا ہوا تھا؟

جواب : محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا

141 : فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے سر مبارک پر کیا تھی؟

جواب : خود یعنی لوہے کی ٹوپی تھی

142 : کیا کبھی حضور ﷺ نے میز پر کھانا تناول فرمایا ہے؟

جواب : حضرت انس فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کبھی میز پر کھانا تناول نہیں فرمایا؟

143 : کیا حضور ﷺ نے مرغی کا گوشت کھایا ہے؟

جواب : ہاں، حضرت ابو موسیٰؓ فرماتے ہیں میں نے حضور ﷺ کو مرغی کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

144 : حضور ﷺ نے کس تیل کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اس کو کھانے اور مالش میں استعمال کرو؟

جواب : زیتون کا تیل

145 : حضور ﷺ نے ککڑی کے ساتھ کیا چیز نوش فرمائی؟

جواب : حضرت عبد اللہ بن جعفر فرماتے ہیں حضور ﷺ ککڑی کو کھجور کے ساتھ نوش فرماتے تھے۔

146 : حضور ﷺ کے حیات میں کتنی امہات المومنین کا انتقال ہوا؟ اور انکے نام کیا ہیں؟

جواب : دو امہات المومنین، ۱) حضرت خدیجہؓ ۲) حضرت زینب بنت خزیمہؓ

147 : حضور ﷺ نے کس سے فرمایا کہ تم میری طرح نہیں ہو؟

جواب : صحابہ کرام سے

148 : کس سورہ مبارک میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو رؤف اور رحیم فرمایا ہے؟

جواب : سورۂ توبہ میں

149 : کس سورہ مبارک میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو نور ارشاد فرمایا ہے؟

جواب : سورہ مائدہ میں

150 : حضور ﷺ کی کتنی باندیاں تھیں اور انکے نام کیا کیا ہے؟

جواب : 4 باندیاں تھیں ۱) حضرت ماریہ قبطیہ ۲) حضرت ریحانہ بنت زید

۳) حضرت جمیلہ ۴) حضرت زینب

151 : حضور ﷺ کے چچاؤں میں سب سے کم عمر کون تھے؟

جواب : حضرت عباسؓ

152 : حضرت عباسؓ کی کنیت کیا تھی؟

جواب : ابوافضل

153 : حضور ﷺ کی پھوپھیوں کے نام کیا ہیں؟

جواب : ۱) ام حکیم ۲) برہ ۳) عاتکہ ۴) صفیہ ۵) رمیہ

154 : حضرت عبداللہ بن مسعود حضور ﷺ کی کس خدمت پر مامور تھے؟

جواب : حضرت عبداللہ بن مسعود حضور ﷺ کے نعلین مبارک، مسواک، تکیہ، اور عصا کی خدمت پا مامور تھے

155 : وہ کونسے صحابی ہیں جو بدر کے دن ننگی تلوار لئے حضور ﷺ کے سرہانے کھڑے پہرادے رہے تھے

جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ

156 : حضور ﷺ کے اسم مبارک، محمد کے بعد سب سے پہلے کس کا نام محمد رکھا گیا؟

جواب : محمد بن مسلمہ انصاری جن کا نام محمد صحابہ کرام میں سب سے پہلے رکھا گیا۔

157 : بارگاہِ نبی ﷺ کے موذنوں کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : ۱) حضرت بلال ۲) حضرت عبداللہ بن ام مکتوم ۳) حضرت ابومخدورہ ۴) حضرت سعد قرظ

158 : بارگاہِ رسول ﷺ کے شعراء کے نام کیا کیا ہیں؟

جواب : ۱) حضرت حسان بن ثابت ۲) حضرت کعب بن مالک ۳) حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

159 : حضور ﷺ کے پاس کتنی تلواریں تھی

جواب : دس 10 تلواریں تھیں۔

160 : حضور ﷺ کی مشہور اونٹنی کا نام کیا تھا جو بہت تیز رفتار تھی؟

جواب : عضباء

161 : حضورﷺ کے پاس جو پیالہ تھا اس کا نام کیا تھا؟
جواب : ریان
162 : حضورﷺ کے آئینہ کا کیا نام تھا؟
جواب : مدلہ تھا۔
163 : حضورﷺ کو آپ کی کنیت "ابوابراہیم" سے کس نے پکارا؟
جواب : حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
164 : کھانے کے شروع اور آخر میں حضورﷺ میٹھی چیز کھانا پسند کرتے تھے یا نمکین چیز؟
جواب : نمکین
165 : کس صحابی نے یہ فرمایا ہے کہ "حضورﷺ کا ایک موئے مبارک میرے پاس ہونا یہ مجھے دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سے زیادہ محبوب ہے؟
جواب : حضرت عبیدہؓ نے
166 : صحابہ کرام حضرت ام سلمہؓ کے پاس پانی کا پیالہ لے کر کیوں جاتے؟
جواب : صحابہ کرام میں کسی کو نظر لگ جاتی یا بیمار ہو جاتا تو وہ حضرت ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ لے جاتے جس میں حضرت ام سلمہ حضورﷺ کے موئے مبارک ڈبو دیتی تھیں جس سے لوگ شفا پاتے تھے
167 : حضورﷺ سفر کے لئے کونسا دن پسند فرماتے تھے؟
جواب : جمعرات کا دن
168 : کس صحابی رسول نے اپنا باغ اپنی والدہ کے ایصال ثواب کے لئے صدقہ کر دیا؟
جواب : حضرت سعد ابن عبادہؓ نے
169 : کس حدیث کی کتاب میں حضورﷺ کا یہ ارشاد مبارک موجود ہے کہ "قسم خدا کی میں اپنے بعد یہ نہیں ڈرتا کہ تم میرے بعد شرک کرو گے لیکن مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم دنیا میں مصروف نہ ہو جاؤ؟
جواب : بخاری شریف جلد اول میں
170 : قرآن کریم کی کس سورہ مبارک میں حضورﷺ کو غیب بتانے والا فرمایا گیا ہے؟
جواب : سورہ تکویر میں

171	:	حضورﷺ نے نوجوانانِ جنت کے سردار کن کوفرمایا؟
جواب	:	حضرامام حسن اورامام حُسینؓ کو
172	:	حضورﷺ نے سخاوت شجاعت حیااور علم کے حوالے سے کن خلفاء کی تعریف فرمائی؟
جواب	:	حضورﷺ نے فرمایا: میں سخاوت کا شہر ہوں اور ابوبکر صدیقؓ اس کا دروازہ ہیں۔ میں شجاعت کا شہر ہوں اور عمر فاروقؓ اس کا دروازہ ہیں میں حیا کا شہر ہوں اور حضرت عثمان اس کا دروازہ ہیں میں علم کا شہر ہوں علیؓ اس کا دروازہ ہیں۔
173	:	حضورﷺ نے کن صحابہ کے تعلق سے فرمایا کہ یہ کان اور آنکھیں ہیں؟
جواب	:	حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروقؓ
174	:	رسول اللہﷺ کی امت میں سب سے پہلے جنت میں کون جائے گا؟
جواب	:	حضرت ابوبکر صدیقؓ
175	:	حضورﷺ نے احد پہاڑ سے مخاطف ہوکر کیاارشاد فرمایا؟
جواب	:	حضورﷺ نے ارشاد فرمایا، اے احد پہاڑ ٹھہر جا تجھ پر ایک نبی ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔
176	:	حضورﷺ نے خلفائے راشیدین کے دور خلافت کے تعلق سے کیاارشاد فرمایا؟
جواب	:	ارشاد فرمایا: میرے بعد خلافت تیس (30) برس تک رہے گی۔
177	:	کس صحابی کے ایمان لانے پر آسمان والوں نے حضورﷺ کو مبارکبادی پیش کی؟
جواب	:	حضرت عمر فاروقؓ کے ایمان لانے پر
178	:	حضورﷺ نے کن صحابی کے تعلق سے ارشاد فرمایا کہ "منافق ان سے محبت نہیں رکھے گا اور مومن اس سے بغض نہیں رکھے گا؟
جواب	:	حضرت علیؓ کے تعلق سے
179	:	حضورﷺ نے حضرت عثمانؓ کے تعلق سے کیاارشاد فرمایا؟
جواب	:	فرمایا کیا میں اس شخص سے حیانہ کروں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔
180	:	کس صحابی کو حضورﷺ نے اُنکی ایک آنکھ شہید ہونے پر جنت عطا فرمائی؟
جواب	:	حضرت بوسفیانؓ کو

201 : حضورعلیہ ﷺ نے مکہ میں کتنے سال قیام فرمایا؟

جواب : (53) ترپن سال

202 : حضورعلیہ ﷺ نے مدینہ شریف میں کتنے سال قیام فرمایا؟

جواب : (10) سال

203 : حضورعلیہ ﷺ پر کس نے جادو کیا تھا؟

جواب : لبید بن اعصم نے

204 : حضورعلیہ ﷺ کی بیماری کے زمانہ میں حضرت ابوبکر صدیق نے کتنی نمازیں پڑھائیں؟

جواب : 13 تیرہ نمازیں

205 : حضورعلیہ ﷺ کے تدفین کس جگہ ہوئی؟

جواب : حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں

206 : وفات کے وقت حضورعلیہ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب : (63) ترسٹھ برس

207 : حضورعلیہ ﷺ کی وفات کے وقت ہجرت کے کتنے سال گذر چکے تھے؟

جواب : (10) دس سال گذر چکے تھے۔

208 : حضورعلیہ ﷺ نے پندرہ 15 سال کی عمر میں جس جنگ میں حصہ لیا وہ جنگ کونسی تھی؟

جواب : حرب الفجار

209 : حضورعلیہ ﷺ کی کس پھوپھی نے مرثیہ اشعار کہے؟

جواب : حضرت صفیہؓ نے

210 : حضورعلیہ ﷺ نے مدینہ شریف میں آنے کے بعد کتنے دنوں تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی؟

جواب : (16) سولہ مہینے تک

211 : آخری وحی کے کاتب کون تھے؟

جواب : حضرت ابی بن کعبؓ

212 : وہ کونسے صحابی تھے جو حضور ﷺ کے وصال کی وجہ سے بیمار ہو کر انتقال کر گئے؟

جواب : حضرت عبداللہ بن اُنیس

213 : حضور ﷺ نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ کا نکاح کہاں پڑھایا؟

جواب : مدینہ منورہ میں

214 : حضور ﷺ کی شان مبارک میں لکھا گیا مشہور سلام ''مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام'' کس نے لکھا ہے؟

جواب : امام احمد رضا خانؒ نے

215 : حضور ﷺ کی وصال شریف کے قریب ملک الموت سے حضور ﷺ کیا عرض کیا؟

جواب : ملک الموت نے کہا: اگر حضور ﷺ فرمائیں تو روح قبض کروں ورنہ واپس چلا جاوں۔

216 : حضور ﷺ کے دندانِ مبارک کس جنگ میں شہید ہوتے؟

جواب : جنگ احد میں

217 : حضور ﷺ سے کس صحابی رسول نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھنے کی خواہش کی تھی؟

جواب : حضرت حمزہؓ نے

218 : حضور ﷺ کے خادم خاص ہونے کا شرف کس کو حاصل ہے؟

جواب : حضرت انس بن مالک کو۔

219 : حضور ﷺ نے اپنے کس پیارے صحابی کی نعش کو بوسہ دیا تھا؟

جواب : حضرت عثمان بن مظعون کی نعش کو

220 : حضور ﷺ کو سورۃ الانبیاء میں کس لقب سے یاد کیا گیا ہے؟

جواب : رحمت للعالمین سے یا کیا گیا ہے۔

221 : حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے علاوہ ایک اور صحابی کی اقتدار میں نماز پڑھی ان صحابی کا نام کیا ہے

جواب : حضرت عبداللہ بن عوفؓ

222 : حضور ﷺ نے سب سے پہلے مدینہ شریف میں کس صحابی کی نماز جنازہ پڑھی؟

جواب : حضرت اسعد بن زرارہؓ کی

223 : صحابہ میں سب سے پہلے حافظ قرآن کون تھے؟

جواب : حضرت عثمان غنیؓ

224 : سورۃ الاحزاب میں حضور ﷺ کو کس لقب سے یاد کیا گیا؟

جواب : خاتم النبیین سے یاد کیا گیا۔

225 : اُس خوش قسمت صحابی کا نام بتائیں۔ جن کو مدینہ شریف میں سب سے پہلے حضور ﷺ نے آزاد فرمایا

جواب : حضرت سلمان فارسیؓ

226 : مکہ شریف میں مسلمانوں نے سب سے پہلا جلوس کب نکالا؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ کے مسلمان ہونے پر نکلا

227 : کس صحابی رسول نے حضور ﷺ کی وفات کے بعد پہلا خطبہ پڑھا؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے

228 : فتح مکہ کے بعد حضور ﷺ نے کس صحابی کو مکہ کے بازار کا نگران مقرر فرمایا

جواب : حضرت سعید بن سعید کو

229 : حضور ﷺ کے اونٹ پر کجاوہ رکھنا اور اتارنا کن صحابی کے ذمہ تھا؟

جواب : حضرت اسلم بن شریک بن عوفؓ

230 : حضور ﷺ نے حضرت امام حسنؓ کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : ارشاد فرمایا: کہ میرا یہ بیٹا سید ہے اور اس کے ذریعہ اللہ مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کرائے گا

231 : حضور ﷺ نے حضرت امام حسینؓ کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : ارشاد فرمایا: کہ اے اللہ میں حسین سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔

232 : وہ کون سے صحابی ہیں جن کے لئے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم پر میرے ماں باپ قربان؟

جواب : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

233 : حضور ﷺ نے کس موقع پر حضرت طلحہؓ کو جواد اور فیاض کے لقب سے نوازا؟

جواب : ۹ رہجری غزوہ تبوک میں نوازا۔

234 : حضور ﷺ نے حضرت جعفر طیارؓ کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : ارشاد فرمایا: کہ جعفر تم صورت اور سیرت دونوں میں مجھ سے مشابہ ہو۔

235 : حضور ﷺ نے کن صحابی کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ ان کے خون میں میرا خون شامل ہو گیا ہے

جواب : حضرت مالک بن سنانؓ

236 : حضور ﷺ نے کس صحابی کو ذوالشہادتین کا لقب عنایت فرمایا تھا؟

جواب : حضرت خذیمہ بن ثابتؓ کو

237 : حضور ﷺ کے معجزات پر لکھی جانے والی مشہور کتاب الخصائص الکبریٰ کس کی تصنیف ہے؟

جواب : حضرت امام جلال الدین سیوطیؒ کی

238 : قصیدہ بردہ شریف کس نے لکھا ہے؟

جواب : حضرت امام بوصیریؒ نے

239 : حضور ﷺ کی شان اقدس میں لکھا جانے والا مشہور درود تاج کس نے لکھا ہے؟

جواب : حضرت ابوالحسن شاذلیؒ نے لکھا ہے

240 : ریاض الجنۃ کو جنت کا ٹکڑا کس نے فرمایا؟

جواب : حضور ﷺ نے فرمایا

241 : حضورﷺ نے جب مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی تو مدینہ شریف کی لڑکیوں نے حضور کا استقبال کن اشعار سے کیا"

جواب : طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا سے

242 : حضورﷺ کس مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ تحویل قبلہ کا حکم ہوا؟

جواب : مسجد بنو سلمہ میں

243 : آخری وحی کب نازل ہوئی؟

جواب : ۹/ذوالحجہ دس ہجری کو

244 : کس سورہ مبارک میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حضورﷺ پر درود پڑھنے کا حکم فرمایا ہے؟

جواب : سورہ احزاب میں

245 : مسجد بنوی جس جگہ پر واقع ہے وہ کن یتیم بچوں کی تھی؟

جواب : سہل اور سہیل کی

246 : حضورﷺ کن کھیلوں کو پسند فرمایا کرتے تھے؟

جواب : دوڑ، کشتی، تیراندازی، گھوڑسواری

247 :وحی لکھنے کے لئے کونسی چیزیں استعمال ہوتی تھیں؟

جواب : چمڑا، پتھر کی باریک سفید تختیاں، اونٹ کی شانے کی ہڈی، کھجور کی چھال،

248 : قرآن مجید میں حضورﷺ کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب : چار(4) مرتبہ

249 : حضورﷺ نے حضرت صفیہ کا ولیمہ کس چیز سے کیا تھا؟

جواب : کھجور اور ستو سے

250 : محمدﷺ اور احمدﷺ دونوں ناموں کے بارے میں حدیث کیا کہتی ہے؟

جواب : زمین پر محمدﷺ اور آسمان پر احمدﷺ